Department of Education
Chancellor Richard A. Carranza

29 نومبر، 2020

عزیزی اہلِ خانہ،

مجھے امید ہے کہ آپکے لیے یہ ایک آرام دہ وقفہ ہوگا اور اپنے اہل خانہ کے ساتھ لطف اٹھانے کا موقع ملا ہوگا۔

جیسا کہ آپ جانتے ہیں، 18 نومبر کو، ہم نے عارضی طور پر اسکول کی عمارتوں کو تعلیم و تدریس کے لیے بند کر دیا تھا اور نیو یارک شہر پبلک اسکولوں کے طلبا مکمل طور پر ریموٹ لرننگ میں منتقل کر دیے گئے تھے۔ آج، میں مسرت کے ساتھ آپ کو اسکول کی عمارتوں کو ہمارے بہت سارے طلبا کے لیے بذات خود موجودگی میں تعلیم کے لیے دوبارہ کھولنے کے منصوبے کے بارے میں تحریر کر رہا ہوں۔ ہمیشہ کی طرح، صحت اور حفاظت ہماری اولین ترجیحات ہیں، اور اس خط میں دوبارہ کھلنے والی تمام عمارتوں میں COVID-19 کی اسکول میں ہفتہ وار لازمی جانچ کے بارے میں معلومات بھی شامل ہیں اور یہ کہ آپ کیسے مطلوبہ اجازت نامے جمع کرا سکتے ہیں۔

ذیل کی رہنمائی کا اطلاق مخلوط (بلینڈڈ) تدریس کے طلبا پر ہے، جنھوں نے پہلے سے ہی ہفتے میں کچھ حصہ اسکول کی عمارت میں تعلیم اور بقیہ گھر میں کرنے کا انتخاب کیا ہے۔ وہ طلبا جنھوں نے اسکول کی عمارتوں کے بند ہونے سے قبل مکمل ریموٹ لرننگ کا انتخاب کیا تھا وہ مکمل وقت ریموٹلی جاری رکھیں گے۔

میرا بچہ کب بذات خود موجودگی (ان پرسن) میں تدریس کے لیے واپس آ سکتا ہے؟

- **گریڈز 3K سے لیکر گریڈ 5 کے طلبا پیر، 7 دسمبر** سے بذات خود موجودگی میں تدریس کے لیے واپس آئیں گے۔
  - اس میں 3K سے 5 تک تمام ابتدائی تعلیم اور ایلیمنٹری اسکول کی اقسام (مثلاً K-2 اسکول، K-3 اسکول، K-5 اسکول اور ساتھ ہی ضلعی پری کنڈرگارٹن مراکز، K-8 اسکول اور K-12 اسکول) کے طلبا شامل ہیں۔
  - اس میں وہ اسکول شامل نہیں ہیں جو ریاستی مامور شدہ اورینج زون یا ریڈ زون ہیں، اگر اس کا اعلان کیا جا چکا ہے۔ یہ دیکھنے کے لیے کہ آیا آپ کا اسکول فی الوقت ان زونز میں سے ایک میں شامل ہے http://nyc.gov/covidzone پر جائیں
- **ضلع 75 کے تمام گریڈ سطوح کے طلبا جمعرات، 10 دسمبر** سے بذات خود موجودگی میں تدریس کے لیے واپس آئیں گے۔
  - اس میں بھی وہ اسکول شامل نہیں ہیں جو ریاستی مامور شدہ اورینج زون یا ریڈ زون ہیں۔
- گریڈ 6 سے لیکر 12 (ضلع 75 سے باہر) تک کے طلبا مزید اطلاع آنے تک بدستور ریموٹ لرننگ جاری رکھیں گے ۔
- وہ طلبا جنھوں نے نیو یارک سے باہر ریاست کے سفری انتباہ کی فہرست میں سے کسی جگہ کا حالیہ سفر کیا ہے انہیں لازماً 14 دن کا قرنطین کرنا ہوگا۔ آپ کے پاس ریاست کے رہنما خطوط پر مبنی قرنطین سے باہر نکلنے کے لیے ٹسٹنگ کروانے کے انتخاب بھی موجود ہے: https://coronavirus.health.ny.gov/covid-19-travel-advisory طلبا کو روزانہ صحتی سوالنامہ مکمل کرنا جاری رکھنا چاہیے۔
- واپسی کی ان تاریخوں کا اطلاق مخلوط تعلیم کے طلبا پر ہوگا، بشمول وہ جنھوں نے مخلوط تعلیم کا انتخاب حالیہ اوپٹ ان دورانیہ میں کیا تھا۔

مجھے اپنے اسکول کی عمارت میں واپس آنے کے لیے کیا کرنا چاہیے؟

آپ کے بچے کو بذات خود تعلیم میں واپس آنے کے لیے، آپ کو اسکول میں COVID-19 کی جانچ کرانے کا اجازت نامہ آپ کے بچے کے اسکول کی عمارت میں واپس آنے کے پہلے دن لازماً جمع کرانا ہوگا۔ آپ کے بچے کے اسکول میں عملے اور طلبا کی ہفتہ وار ٹسٹنگ بلا ترتیب انتخاب کے ذریعے کی جائے گی۔ COVID-19 کے دوبارہ شہر گیر پھیلنے کے خلاف جنگ کو دیکھتے ہوئے، یہ ہفتہ وار COVID-19 جانچ ہمارے تمام اسکولوں کو محفوظ رکھنے کے منصوبے کا ایک انتہائی اہم حصہ ہے۔ **اسکول کی عمارت میں واپس آنے والے گریڈ 1 یا اونچے گریڈ کے ہر طالب علم کو اسکول میں COVID-19 جانچ کرانے کا اجازت نامہ اسکول کی عمارت میں واپس آنے کے پہلے دن لازماً جمع کرانا ہو گا۔**

NYC
Department of Education
Chancellor Richard A. Carranza

- اسکول کی عمارت میں واپس آنے والے گریڈ 1 یا اونچے گریڈ کے ہر طالب علم کو اسکول میںCOVID-19 جانچ کرانے کا اجازت نامہ اسکول واپس آنے کے پہلے دن لازماً جمع کرانا ہو گا۔ 3K، پری کنڈرگارٹن اور کنڈرگارٹن کے طلبا بلاترتیب جانچ سے مستثنا ہیں۔
- جانچ مفت، محفوظ اور آسان ہے۔ ٹسٹنگ کے طریقئہ کار کے بارے میں ایک وڈیو schools.nyc.gov/covidtesting پر دستیاب ہے۔

میں کس طرح اجازت نامہ جمع کروا سکتا ہوں؟

اسکول میں اپ کے بچے کی COVID-19 جانچ کرنے کا اجازت نامہ جمع کرانا جلد اور آسان ہے۔ **اگرچہ آپ نے پہلے سے ہی اجازت نامہ جمع کرا دیا ہے، ہم آپ سے اسے دوبارہ کرانے کا کہہ رہے ہیں تاکہ فائل میں آپ کے طالب علم کا تازہ ترین اجازت نامہ موجود ہو۔** جمع کرانے کے دو آسان طریقے حسب ذیل ہیں:

1) نیویارک شہر اسکولز اکاؤنٹس (NYCSA) کا استعمال کرتے ہوئے آن لائن mystudent.nyc پر فارم مکمل کریں۔

- اگر آپ کا NYCSA اکاونٹ پہلے سے ہی آپ کے طالب علم (طلبا) کے ساتھ لنک ہے: لاگ ان کریں، اپنے طالب علم کے نام پر کلک کریں، "اکاونٹ منظم کریں" پر کلک کریں، اور پھر جب ایک ڈراپ ڈاون مینیو کھلے، "اجازت کے فارم" پر کلک کریں۔ صفحے کو پڑھیں، اور پھر آخر میں اپنے طالب علم کے لیے اجازت نامے کا انتخاب کریں۔

- اگر آپ کے پاس پہلے سے ایک NYCSA اکاونٹ نہیں ہے: آپ ابِھی فوراً بنا سکتے ہیں! اگر آپ کے پاس اسکول کی طرف سے ایک اکاونٹ تخلیقی کوڈ ہے، آپ تقریباً پانچ منٹ میں ایک مکمل اکاونٹ بنا سکتے ہیں، اور اسکے بعد مندرجہ بالا واضح کردہ اجازت نامہ فراہم کریں۔ اگر آپ کے پاس اسکول کا ایک اکاونٹ تخلیقی کوڈ نہیں ہے، پھر بھی آپ "COVID-19 جانچ" کے نیچے "اکاونٹ انتظام" کو دبا کر اپنا اجازت نامہ فراہم کر سکتے ہیں اور اجازت نامے کے لیے اپنے بچے کی معلومات فراہم کر سکتے ہیں۔

2) منسلکہ فارم پرنٹ کرکے دستخط کریں اور اسے اپنے بچے کے اسکول کی عمارت میں ان کے واپس آنے کے پہلے دن ساتھ اسکول لائیں۔ ایک پرنٹ کرنے کے قابل PDF فائل دس زبانوں میں یہاں دستیاب ہے schools.nyc.gov/covidtesting.

کیا میرا بچہ ہفتہ وار بلا ترتیب جانچ کرانے سے استثنا حاصل کر سکتا ہے؟

استثنا صرف کچھ محدود حالات میں ہی دیے جاسکتے ہیں:

- ان طلبا کے لیے جنہیں صحت کی حالت کی وجہ سے ایک طبی استثنا کی ضرورت ہے جس میں جانچ کرانا غیر محفوظ ہو سکتا ہے (مثلاً چہرے کی جراحت، ناک کی سرجری)، اس پر غور کرنے کے لیے آپ ایک الگ فارم جمع کرا سکتے ہیں۔ اس فارم پر ایک ڈاکٹر کے دستخط ہونا لازمی ہے اور آپ کو لازماً ایک صحتیاتی نگہداشت فراہم کنندہ کا طبی دستاویز جمع کرانا ہوگا۔

- معذوری کے حامل طلبا جنکا اسکول میں جانچ کرانا ان کی معذوری کی نوعیت کی وجہ سے محفوظ نہیں ہے، آپ استثنا کے لیے ایک الگ درخواست جمع کرا سکتے ہیں۔

- استثنا کے یہ فارم انگریزی میں پیر، 30 نومبر سے schools.nyc.gov/covidtesting پر دستیاب ہونگے۔ اسکے تھوڑے عرصے بعد ترجمے دستیاب ہونگے۔

NYC Department of Education
Chancellor Richard A. Carranza

اگر میں اجازت نامہ جمع نہ کراوں تو کیا ہوگا؟

آپ کو اپنے بچے کے اسکول عمارت میں واپس آنے کے پہلے دن تک اجازت نامہ لازمی جمع کرانا ہے؛ یہ مطلوبہ تاریخ ہے اور ہمیں تمام طلبا کی شرکت مطلوب ہے۔

- اگر آپ کا بچہ اسکول کے پہلے دن بذات خود تعلیم کے لیے فائل میں بغیر اجازت نامہ کے آتا ہے، پرنسپل اور اسکول کا عملہ آپ سے اجازت حاصل کرنے کے لیے رابطہ کریں گے۔
- **اس کے بعد، فائل میں بغیر اجازت نامے کے طلباء، جن کے پاس کوئی طبی یا معذوری پر مبنی استثنا نہیں ہے انہیں لازماً مکمل ریموٹ لرننگ میں منتقل کر دینا چاہیے۔** استثنا کے بارے میں مزید معلومات اس ہفتے آپ کے بچے کے اسکول کے پرنسپل فراہم کریں گے۔

اگر میرے بچے کا اسکول ایک اورنج یا ریڈ زون میں ہوا تو کیا ہوگا؟

- فی الحال ، اورنج زون بذات خود موجودگی تعلیم کے لیے بند رہیں گے۔ ہم ریاست کے ساتھ ملکر اورنج زون کو جتنی جلد ممکن ہو سکے عمارتیں دوبارہ کھولنے کے منصوبے پر کام کر رہے ہیں۔
- جیسے ہی نیویارک ریاست سے اس منصوبے کی تصدیق ہوگی ہم آپ کو معلومات سے اگاہ کریں گے۔
- فی الحال ، نیویارک شہر میں کوئی ریڈ زون نہیں ہیں، مگر ریاست کی جانب سے، ریڈ زون کی اسکول کی عمارتیں بھی بند رہیں گے۔

ہمیشہ کی طرح، میں اس بے نظیر سال میں ہمارے ملکر جاری سفر کے دوران آپ کی لچک اور تحمل کا قدردان ہوں۔ محکمئہ تعلیم میں ہم سب آپ کے بچے کے لیے روازانہ ایک مضبوط، معاونتی تعلیم پر توجہ مرکوز کیے ہوئے ہیں—اس سے قطع نظر کہ وہ کہاں تعلیم حاصل کر رہے ہیں— اور یہ کبھی تبدیل نہیں ہوگا۔

ہم آنے والے ہفتوں میں طلبا کو اسکول عمارتوں میں واپس خیرمقدم کرنے کے متمنی ہیں۔

بخلوص،

Richard A. Carranza
چانسلر
نیویارک شہر محکمئہ تعلیم